قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے نویں راؤنڈ کا تیسراروز مکمل

- سندھ کے فواد عالم نے ڈبل سنچری داغ دی
- سنٹرل پنجاب کی ٹیم خیبرپختونخوا کے خلاف شدید مشکلات کا شکار
- نادرن کی ٹیم ایونٹ میں دوسری فتح کے قریب

لاہور،27نومبر2019ء:

فواد عالم اور سرفراز احمد کے درمیان 278 رنز کی شاندار شراکت سندھ کو میچ میں واپس لے آئی ہے۔ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری میچ کی پہلی اننگز میں سدرن پنجاب کے 517 رنز کے جواب میں سندھ کی ٹیم486 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔میچ کے تیسرے روز سعد علی نے فواد عالم کے ہمراہ 124 رنز کے مجموعے سے کھیل کا دوبارہ آغاز کیا تو وہ اپنے انفرادی اسکور میں 4 رنز کا اضافہ کرکے آؤٹ ہوگئے۔ سعد علی نے 60 رنز بنائے۔ جس کے بعد چھٹے نمبر پر بیٹنگ کے لیے میدان میں اترنے والے سرفراز احمد نے فواد عالم کے ہمراہ عمدہ بیٹنگ کا سلسلہ شروع کیا۔ دونوں کھلاڑیوں نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے مشکلات کا شکار سندھ کی ٹیم کا مجموعہ 428تک پہنچادیا۔ فواد عالم نےٹورنامنٹ کی ساتویں ڈبل سنچری اسکور کی۔211 رنز پر مشتمل ان کی اننگز میں 25 چوکے شامل تھے۔ کپتان سرفراز ازحمد نے 13 چوکوں کی مدد سے 131 رنز کی اننگز کھیلی۔ سندھ کی ٹیم 132 اوورز میں 486 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ سدرن پنجاب کی جانب سے بلاول بھٹی نے 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

ادھر این بی پی اسٹیڈیم کراچی میں سنٹرل پنجاب کی ٹیم خیبرپختونخوا کے خلاف جاری میچ میں شدید مشکلات کا شکار ہے۔ 325 رنز کے تعاقب میں سنٹرل پنجاب کے 4کھلاڑی محض 13 کے مجموعی اسکور پر پویلین واپس لوٹ چکےہیں۔خیبرپختونخوا کے فاسٹ باؤلر عثمان شنواری نے تین کھلاڑیوں کوآؤٹ کیا۔ محمد سعد اور عمر اکمل میچ کے آخری روز کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب نے 5وکٹوں کے نقصان پر 154 رنز سے کھیل کے دوسرے روزاپنی پہلی اننگز کادوبارہ

آغاز کیا تو پوری ٹیم 228 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ خالد عثمان نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ 127 رنز کی سبقت سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی خیبرپختونخوا کی ٹیم نے میچ کے تیسرے روز 7وکٹوں کے نقصان پر 197 رنز بناکر اننگز ڈکلیئر کردی۔ پہلی اننگز میں 4شکار کرنے والے سنٹرل پنجاب کے اسپنر ظفر گوہر نے میچ میں 8وکٹیں حاصل کیں۔

دوسری جانب یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں جاری میچ میں ناردرن کی پوزیشن مستحکم ہوگئی ہے۔ 42 رنز کے خسارے سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی بلوچستان کی ٹیم کومیچ کے تیسرے روز بھی مشکلات کا سامنا رہا۔ کھیل کے اختتام پر189 رنز بنانے والی بلوچستان کی ٹیم کے 8 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ چکے ہیں۔ تاحال ایونٹ میں سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے اسپنر نعمان علی میچ میں 7 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرچکے ہیں۔ بسم اللہ خان اور محمد اصغر میچ کے آخری روز بلوچستان کی جانب سے کھیل کادوبارہ آغاز کریں گے۔ اس سے قبل 5وکٹوں کے نقصان پر 297 رنز سے پہلی اننگز کا آغاز کرنے والی ناردرن کی پوری ٹیم 342رنزبناکر آؤٹ ہوگئی۔ وکٹ کیپربیٹسمین جمال انور 93 اور سرمد بھٹی 86 رنز بناکر نمایاں رہے۔ بلوچستان کی جانب سے تاج ولی نے 6 وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk